# ایمرجنگ ایشیا کپ فائنل: پاکستان شاہینز نے انڈیا اے کو 128 رنز سے ہرادیا۔

- **طیب طاہر کی شاندار سنچری۔ پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی**

کولمبو 23 جولائی، 2023:

پاکستان شاہینز نے ایمرجنگ ایشیا کپ جیت کر اپنے ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کرلیا۔

اتوار کے روز کولمبو کے پریماداسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں پاکستان شاہینز نے انڈیا اے کو 128 رنز سے شکست دیدی۔

انڈیا اے نے ٹاس جیت کر پاکستان شاہینز کو بیٹنگ دی جس نے مقررہ پچاس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 352 رنز بنائے جس کی خاص بات طیب طاہر کی سنچری تھی۔ ان کے علاوہ صاحبزادہ فرحان اور صائم ایوب نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔

جواب میں انڈیا اے 40 اوورز میں 224 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

یاد رہے کہ 2019ء میں ڈھاکہ میں کھیلے گئے ایمر جنگ ایشیا کپ فائنل میں پاکستان شاہینز نے بنگلہ دیش کو 77 رنز سے ہرایا تھا۔ اس ٹیم کے کپتان سعود شکیل تھے۔

صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان نے اپنی ٹیم کو 121 رنز کا شاندار آغاز دیا۔ صائم ایوب 51 گیندوں پر سات چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 59 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

صاحبزادہ فرحان نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 62 گیندوں پر 65 رنز اسکور کیے جس میں چار چھکے اور چار چوکے شامل تھے۔

عمیر بن یوسف چار چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ قاسم اکرم پہلی ہی گیند پر آؤٹ ہو گئے۔ کپتان محمد حارث بھی صرف 2 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اسطرح پاکستان شاہینز کی 4 وکٹیں اسکور میں محض 41 رنز کے اضافے پر گر گئیں۔ اس مرحلے پر طیب طاہر کی ذمہ دارانہ بیٹنگ نے اسکور کو 313 تک پہنچا دیا۔

طیب طاہر نے اپنی سنچری صرف 66 گیندوں پر مکمل کی اور 71 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 12 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 108 رنز اسکور کیے۔ یہ ان کی لسٹ اے ون ڈے میچوں میں چوتھی سنچری ہے۔

انہوں نے مبصر خان کے ساتھ چھٹی وکٹ کی شراکت میں 126 رنز کا اضافہ کیا۔ مبصر خان نے 35 رنز بنائے جس میں دو چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔

انڈیا اے کی طرف سے ہنگر گیکر اور پراگ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

انڈیا اے کی اوپنرز ابھیشیک شرما اور سائی سدھرسن نے 64 رنز کا اسٹارٹ دیا۔

پاکستان شاہینز کے خلاف گروپ میچ میں سنچری بنانے والے سدھرسن 29 رنز بنا کر ارشد اقبال کی گیند پر محمد حارث کے ہاتھوں کیچ ہوئے۔

ابھیشیک شرما 61 رنز بنا کر سفیان مقیم کی گیند پر طیب طاہر کے ہاتھوں کیچ ہوئے۔

سفیان مقیم نے ایک اور اہم کامیابی کپتان یاش دُھل کو آؤٹ کر کے حاصل کی جنہوں نے 39 رنز بنائے۔
پاکستان بولرز کی عمدہ کارکردگی کے نتیجے میں انڈیا اے کی وقفے وقفے سے گرنے والی وکٹوں نے میچ پر پاکستان شاہینز کی گرفت مضبوط کردی تھی۔

سفیان مقیم نے 66 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ مہران ممتاز محمد وسیم جونیئر اور ارشد اقبال نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔ 352 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز)۔ طیب طاہر 108۔ صاحبزادہ فرحان 65۔ صائم ایوب 59۔

انڈیا اے 224 رنز (40 اوورز)۔ ابھیشیک شرما 61۔۔ سفیان مقیم 66 / 3 وکٹ۔ مہران ممتاز 30 / 2 وکٹ۔ ارشد اقبال 34 / 2 وکٹ۔ محمد وسیم جونیئر 26 / 2 وکٹ۔۔

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777

E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia